فوری ریلیز کے لیے: 28/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

ہمارے بچوں کے آن لائن تحفظ اور نوجوانوں کے لیے ذہنی صحت کے وسائل کو تقویت پہنچانے کے لیے گورنر HOCHUL کی جانب سے مالی سال 2027 کے بجٹ میں سرمایہ کاریاں یقینی بنا لی گئیں

آن لائن پلیٹ فارمز پر بچوں کا درندہ صفت افراد، اسکیمرز اور نقصان دہ AI چیٹ بوٹس سے تحفظ کے حوالے سے گورنر کے عزم پر استوار

دسویں گریڈ کے تمام طلباء کے لیے ٹین مینٹل ہیلتھ فرسٹ ایڈ کی تربیت دستیاب بناتے ہوئے ملک کی قیادت

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے نیو یارک کے بچوں کو آن لائن محفوظ رکھنے اور ریاست کے نوجوانوں میں ذہنی صحت کے بحران سے نمٹنے کے لیے آج مالی سال 2027 کے لیے نافذ شدہ بجٹ میں تاریخی سرمایہ کاریوں کا اعلان کیا ہے۔ ان اقدامات میں بچوں کے لیے آن لائن خطرات کے خلاف تحفظات کو مضبوط کرنا اور اپنی نوعیت کی پہلی ٹین مینٹل ہیلتھ فرسٹ ایڈ (Teen Mental Health First Aid) کی تربیت کی ریاست گیر سطح پر توسیع شامل ہے۔ بجٹ گورنر کے اسکولوں میں اسمارٹ فونز پر پابندی لگانے، لت لگانے والی فیڈز کو محدود کرنے، سوشل میڈیا کے انتباہی لیبلز کو نافذ کرنے اور نقصان دہ AI ساتھیوں کے خلاف تحفظات پیدا کرنے کے لیے ملک کے ممتاز کام پر استوار ہے۔ نیو یارک میں ذہنی صحت کے سلسلے میں نگہداشت کے تسلسل کو تقویت دینے کے سلسلے میں گورنر Hochul (ہوکل) کے وسیع ایجنڈے میں اسکول پر مبنی دماغی صحت کے مزید کلینکس، کمیونٹی پر مبنی علاج کے اختیارات اور نوجوانوں اور بالغوں کے لیے ساتھیوں کی بنیاد پر مبنی معاونتیں بھی شامل ہیں۔

"نیو یارک کی پہلی والدہ گورنر ہونے کے ناطے، میں ان بے مثال مشکلات اور آن لائن خطرات کو پہچانتی ہوں کہ جن کا سامنا ہمارے بچے ہر روز کرتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہ بجٹ آن لائن تحفظات کو مضبوطی دینے اور نوجوانوں کی ذہنی صحت کے لیے وسائل کو تقویت بخشنے کے لیے تاریخی اقدامات کر رہا ہے۔ ان اقدامات کے ذریعے، نیو یارک والدین اور بچوں کو مزید بااختیار بنا رہا ہے کہ وہ ان منفرد آزمائشوں سے زیادہ موثر طور پر نمٹ سکیں، جن کا سامنا انہیں آن لائن اور آف لائن ہے۔"

آن لائن پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے نئے تحفظات
متعدد مقدمات اور تحقیقات میں یہ الزام لگایا گیا ہے کہ آن لائن پلیٹ فارمز نے ان کا استعمال کرنے والے بچوں کی حفاظت کے لیے مناسب اقدامات نہیں کیے۔ یہ آن لائن پلیٹ فارمز بالغان کو موقع دیتے ہیں کہ وہ بچوں کے ہمراہ ایسے طریقوں سے تعامل کر سکیں کہ جن کے نتیجے میں بچے گرومنگ، طفلی بدسلوکی، اور استحصالی رویوں سمیت خطرات کا سامنا ہونے کے امکان سے دوچار ہو جاتے ہیں۔

سوشل میڈیا اور آن لائن گیمنگ پلیٹ فارمز سمیت آن لائن پلیٹ فارمز پر ابھرتے ہوئے خطرات سے بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے گورنر کی قانون سازی میں شامل ہو گا:

- **خودکار رازداری:** احاطہ شدہ پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے رازداری کی بلند ترین سطحیں خودکار طور پر سیٹ ہوں گی، جس کا مطلب ہو گا کہ 18 سال سے بڑی عمر کے نان کنیکشنز بچوں کے ہمراہ نجی طور پر بات چیت، ان کی مکمل پروفائل کا جائزہ یا انہیں کسی مواد پر ٹیگ نہیں کر سکیں گے۔ مقام کی سیٹنگز بھی

بطور ڈیفالٹ بند کر دی جائیں گی، اور 13 سال سے کم عمر بچوں کو نئے کنکشن کے لیے والدین کی منظوری حاصل کرنا ہو گی۔

- **AI چیٹ بوٹ کی خصوصیات کو غیر فعال کرنا:** آن لائن پلیٹ فارمز پر AI چیٹ بوٹ کے بعض فیچرز کو بچوں کے لیے غیرفعال کرنا۔
- **والدین کے کنٹرول:** والدین کے پاس آن لائن گیمنگ پلیٹ فارمز پر بچوں کے مالی لین دین کے لیے حدیں مقرر کرنے اور اپنے بچوں کی لین دین کی ہسٹری دیکھنے کا اختیار لازماً موجود ہونا چاہیئے۔

ریاستی سینیٹر Andrew Gounardes (اینڈریو گونارڈس) نے کہا، "بہت طویل عرصے سے، بگ ٹیک نے سوشل میڈیا اور گیمنگ پلیٹ فارمز کی جانب سے آنکھیں بند کر رکھی ہیں، جس سے یہ بچوں کے استحصال اور ان سے بدسلوکی کے لیے سنہری موقع بن چکے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ بچوں کے تحفظ کی بجائے منافعوں کے حوالے سے زیادہ فکرمند ہیں۔ چونکہ وہ اس پر عملی کام نہیں کر رہے ہیں، اسی لیے ہم کر رہے ہیں۔ گیمنگ اور سوشل کمپنیز کو رازداری کے لیے حقیقی تحفظات اور بامعنی حفاظتی اقدامات نافذ کرنے ہوں گے تاکہ ان کے پلیٹ فارمز بچوں کی بے قابو گرومنگ کے لیے مزید دستیاب نہ رہیں۔ جب بچے اپنے دوستوں کے ساتھ آن لائن ویڈیو گیمز کھیل رہے ہوں تو والدین کو یہ فکر نہیں ہونی چاہیئے کہ وہ شکاریوں کا نشانہ بن رہے ہیں۔ چھوٹے بچوں کا باپ ہونے کے ناطے، میں جانتا ہوں کہ داؤ پر لگی چیزیں بہت قیمتی ہیں۔ آج ہم نیو یارک کے تمام تر شہریوں کے لیے ایک محفوظ تر، بہتر انٹرنیٹ کی جانب قدم بڑھا رہے ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت پر اور اسے اپنے بجٹ میں شامل کرنے پر اُن کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Samra Brouk (سمرا بروک) نے کہا، "سینیٹ کی ذہنی صحت کی کمیٹی کی چیئر کی حیثیت سے میں یہ بات تسلیم کرتی ہوں کہ ریاست نیو یارک میں نوجوانوں کی ذہنی صحت اب بھی ایک بحران ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتی ہوں کہ وہ ہمارے نوجوانوں کو استحصال انگیز آن لائن پلیٹ فارمز سے بچاتے ہوئے، انہیں سوشل میڈیا پر محفوظ رکھتے ہوئے، اور ذہنی صحت کی ایسی تربیت میں توسیع کرتے ہوئے کہ جو ہزاروں نوجوانوں میں اپنی اور اپنے ہم عصر ساتھیوں کی معاونت کی خاطر ذہنی صحت اور نشہ آور اشیاء کے استعمال سے جڑی مشکلات کے بارے میں آگاہی پیدا کرتی ہے، سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Kristen Gonzalez (کرسٹن گونزیلز) نے کہا، "نیو یارک میں نوجوانوں لوگوں کے تحفظ کو ترجیح دینے پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ اس سال البنی میں AI ہفتے کے دوران، ایک محفوظ تر ڈیجیٹل مستقبل کے پسِ پشت جاری جدوجہد کے نتیجے میں پھلتی پھولتی تحریک کے حصے کے طور پر، ہم نے حامیان، کارکنان کو یکجا کیا اور چیٹ بوٹس کے حوالے سے Maria Raine (ماریہ رین) کے خاندان کو پیش آنے والے افسوسناک تجربے کے سبب ان کے کام کا اعتراف کیا۔ یہ سرمایہ کاریاں ان عادی بنا دینے والے الگورتھمز، خطرناک AI سسٹمز اور بالعموم بچوں کی بہبود سے زیادہ منافع کو فوقیت دینے والے آن لائن پلیٹ فارمز کے نقصانات سے نمٹنے کے سلسلے میں نیو یارک کی جانب سے قومی قیادت کے عمل پر استوار ہیں۔ مضبوط تر آن لائن تحفظات کو نوجوان افراد کے لیے توسیع یافتہ ذہنی صحت کی معاونت کے ساتھ یکجا کرتے ہوئے، یہ بجٹ آئندہ نسل کے لیے ایک زیادہ صحت مند اور محفوظ تر مستقبل تخلیق کرنے کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتا ہے۔"

رکن اسمبلی Steve Otis (اسٹیو اوٹیس) نے کہا، "اس سال اختیار کیے گئے ریاستی بجٹ کی اہم جھلکیوں میں سے ایک، اُن نئے اقدامات کا ایک سلسلہ ہے کہ جو بچوں کے آن لائن تحفظ میں بہتری کے لیے اٹھائے گئے ہیں۔ رازداری کو خودکار طور پر فراہم کرنے کے لیے نئی شقیں، بہتری یافتہ پیرنٹل کنٹرولز اور چیٹ بوٹ کے خلاف تحفظات ان حفاظتی اقدامات پر استوار ہیں کہ جو ہم نے حالیہ برسوں میں نافذ کیے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) اور ان کی ٹیم نے ہمیشہ بدلتے ہوئے اور تشویش ناک آن لائن ٹیکنالوجی کے ماحول میں بچوں کے تحفظ کو ایک بڑی ترجیح بنایا ہے۔ نیو یارک نے بچوں کو آن لائن اور ٹیکنالوجی سے وابستہ خطرات سے تحفظ دینے کے سلسلے میں قومی رہنما کے طور پر کردار جاری رکھا ہے۔"

رکن اسمبلی **Jo Anne Simon (جو این سائمن) نے کہا،** "مجھے سننے کو ملنے والے خدشات میں سے سرفہرست ذہنی صحت کے اس بحران کے حوالے سے ہوتا ہے جس کا سامنا ہر روز نوجوان افراد کرتے ہیں۔

نوجوانوں کی ذہنی صحت کے مسائل سے نمٹنے کے لیے، ہم نے ٹین مینٹل ہیلتھ فرسٹ ایڈ جیسی خدمات میں بجٹ میں نمایاں سرمایہ کاریاں کی ہیں اور آن لائن خطرات کے خلاف حفاظتی اقدامات کو تقویت دی ہے۔ ہر ایک نوجوان فرد کو پھلنے پھولنے کا موقع دینے کی خاطر، اس معاملے پر غیرمعمولی قیادت کرنے پر میں گورنر کی مشکور ہوں۔"

رکن اسمبلی Nily Rozic (نیلی روزک) نے کہا، "نوجوان افراد کا آن لائن تحفظ کرنا، ان اہم ترین ذمہ داریوں میں سے ایک ہے جو کہ بطور قانون ساز، والدین اور کمیونٹی ہم پر مشترکہ طور پر عائد ہوتی ہے۔ اس سال کے بجٹ میں یہ تاریخی سرمایہ کاریاں یہ یقینی بنانے میں مدد دیں گی کہ بچے استحصالی رویوں اور نقصان دہ آن لائن مواد سے محفوظ ہیں، جبکہ خاندانوں کو اپنے بچوں کی رازداری اور آن لائن تحفظ کے لیے زیادہ کارگر طریقہ کار فراہم کریں گی۔ ایسی پالیسیاں کہ جو ہمارے نوجوانوں کی بہبود کو اوّلیت دیتی ہیں اور نیو یارک بھر میں بچوں کے لیے محفوظ تر آن لائن ماحول تخلیق کرتی ہیں، ان کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) اور اپنے قانون ساز شراکت داروں کے ہمراہ شراکت داری پر مجھے فخر ہے۔"

لاکھوں نوجوانوں کے لیے ذہنی صحت کی تربیت میں وسعت
گورنر Hochul (ہوکل) کی سرمایہ کاری ریاست نیو یارک میں 10ویں جماعت کے تمام طالب علموں کے لیے ٹین مینٹل ہیلتھ فرسٹ ایڈ کی تربیت دستیاب بنائے گی۔ ریاست نیو یارک ہر سال 180,000 سے زیادہ طلبہ کو تربیت فراہم کرنے کے عزم کو مرحلہ وار پورا کرے گی، جس سے یقینی ہو گا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہائی اسکول کے زیادہ تر طلبہ کو اپنی اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی بنیادی مہارتیں حاصل ہیں۔

جب نوجوانوں کو ذہنی صحت اور نشہ آور مواد کے استعمال کے چیلنجز کا سامنا ہوتا ہے، تو اکثر ان کی پہلی جائے پناہ اپنے ساتھیوں سے بات کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح، دوست اکثر ایسے تناؤ کی شناخت اور ہمدردی کرنے کی بہترین حالت میں ہوتے ہیں جو ساتھی طالب علموں پر اثر انداز ہو رہے ہوتے ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ تربیت کے ساتھ، نوجوانوں میں ذہنی صحت کے چیلنجوں کی شناخت اور مؤثر طریقے سے ان طریقوں سے جواب دینے کی صلاحیت ہوتی ہے جو بہتر ہیں اور جانیں بھی بچا سکتے ہیں۔

یہ تربیت 15 سے 18 سال کی عمر کے درمیان کے نوجوانوں کے لیے تیار کی گئی ہے تاکہ وہ اپنے دوستوں اور ہم عصر ساتھیوں میں ذہنی صحت اور نشہ آور مواد کے استعمال کے چیلنجز کی نشانیوں کو شناخت کر سکیں، سمجھ سکیں اور ان پر ردعمل دے سکیں۔ یہ انہیں ذہنی صحت اور نشے کے استعمال کے مسائل کی نشانیاں اور علامات؛ ستائے جانے اور اسکول میں تشدد کے ذہنی صحت پر اثرات؛ ذہنی صحت سے متعلق خدشات کے بارے میں ہم جماعتوں کے ساتھ اثر انگیز بات چیت کرنے یا کسی بالغ سے مدد لینے کا طریقہ؛ رسمی اور غیر رسمی معاونت، اور ذاتی دیکھ بھال سے متعلق مہارتوں سے لیس کرتی ہے۔

اس سرمایہ کاری کے جزو کے طور پر، ریاست ان بالغوں کے لیے بھی یوتھ مینٹل ہیلتھ فرسٹ ایڈ کی تربیت پیش کرے گی جو اسکولوں اور کمیونٹی پروگراموں میں نوجوانوں کے ساتھ باقاعدگی سے تعامل کرتے ہیں۔ یہ قومی سطح پر تسلیم شدہ نصاب نوجوانوں کے لیے دماغی صحت کے عام چیلنجوں کو متعارف کراتا ہے، نوعمروں کی عام نشوونما کا جائزہ لیتا ہے، اور 5 قدمی عملی منصوبہ سکھاتا ہے کہ کس طرح بحرانی اور غیر بحرانی دونوں صورتوں میں نوجوانوں کی مدد کی جائے۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan (این سولیوان) نے کہا، "ذہنی صحت کے مسائل کے بارے میں نوجوانوں کے ساتھ ہماری بات چیت میں، ایک مستقل سلسلہ واضح ہوا – نوجوان جب تکلیف میں ہوتے ہیں تو اپنے ساتھیوں سے بات کرتے ہیں۔ نوجوانوں کی ذہنی صحت کی ابتدائی طبی امداد نیو یارک کے نوجوانوں کو اپنے ہم جماعتوں اور دوستوں کے ساتھ دماغی صحت کے مسائل کے بارے میں بات کرنے میں مدد دیتی ہے اور جب انہیں اس کی ضرورت ہو تو مدد حاصل کرنے کی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اس پروگرام کو وسعت دے کر، گورنر Hochul (ہوکل) نوجوانوں کی ذہنی صحت کو بہتر بنانے اور ہمارے نوجوانوں کو وہ ہنر فراہم کرنے کے ساتھ اپنی وابستگی کو جاری رکھے ہوئے ہیں جن پر وہ آج کے چیلنجوں کے درمیان زندگی گزار سکتے اور ترقی کی منازل طے کر سکتے ہیں"۔

قومی کونسل برائے ذہنی تندرستی کے صدر اور سی ای او Chuck Ingoglia (چک انگوگلیا) اور ذہنی صحت کی ابتدائی طبی امداد کے نائب صدر Tramaine EL-Amin (ٹرامین ال-امین) نے کہا، "یہ اعلان نوجوانوں کی ذہنی صحت میں ایک تاریخی اور تبدیلی ساز سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے ان کی جرات مندانہ قیادت اور نیو یارک کے طلبہ کی ذہنی تندرستی کے ساتھ غیر متزلزل وابستگی کے لیے تہہِ دل سے شکر گزار ہیں۔ ریاست بھر میں 10ویں جماعت کے تمام طالب علموں تک پہنچانے کے لیے نوجوانوں کی ذہنی صحت کی ابتدائی طبی امداد کو وسعت دے کر، نیو یارک ایک طاقتور قومی معیار قائم کر رہی ہے — ذہنی صحت کے بارے میں بات چیت کو معمول پر لانا، بدنامی کے داغ کو کم کرنا اور پوری نسل کو اہم، ممکنہ طور پر جان بچانے والی مہارتوں سے آراستہ کرنا۔ نیشنل کونسل کو اس کوشش میں شراکت داری کرنے پر فخر ہے اور یہ تاریخی پہل کاری کے آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ سکولوں، اساتذہ، والدین اور کمیونٹیز کی مدد کرنے کے لیے پوری طرح پُرعزم ہے"۔

ریاست نیو یارک ذہنی صحت کے انفراسٹرکچر کو مضبوطی دینے، نشہ آور مادے کے استعمال کے تدارک اور ریاست بھر میں نوجوانوں اور نوجوان بالغان کے لیے بحالی کے وسیلہ جات میں توسیع کے لیے اقدامات کا ایک بھرپور پیکج بھی جاری کرے گی۔

- **نوجوانوں کے لیے محفوظ مقامات میں اضافہ:** دفتر برائے ذہنی صحت (Office of Mental Health, OMH) اپنے نوجوانوں کے لیے محفوظ مقامات (Youth Safe Spaces) پروگرام میں توسیع لائے گی جس کے لیے دو اضافی کمیونٹی تنظیموں کو تعینات کیا جائے گا کہ وہ ایسا غیر طبی، معاونت یافتہ اور تنقیدی رائے دہی سے پاک ماحول فراہم کریں جہاں ٹین ایج نوجوان بہبود کے وسائل تک رسائی اختیار کر سکیں اور ہم عصر ساتھیوں کے ہمراہ مثبت تعلق قائم کر سکیں۔
- **بہتر ذہنی صحت کی معاونتیں فراہم کرنے والے اسکولز کا اعتراف:** "مضبوط ذہنی صحت کی معاونت کرنے والے امتیازی اسکولز" (Schools of Distinction in Supporting Strong Mental Health) کے نام سے ایک نیا خطاب تخلیق کیا جائے گا۔ یہ ایوارڈ ایسے اسکولوں کو شناخت کرے گا، انعام دے گا اور مالی ترغیبات سے نوازے گا کہ جو بحران کی روک تھام، بدنامی میں تخفیف اور ذہنی صحت کی اسکریننگ کے سلسلے میں اعلیٰ معیارات پر پورے اترتے ہوں۔
- **نوجوانوں کی قیادت میں منشیات کے استعمال کی روک تھام سے متعلق سمپوزیم کا انعقاد:** دفتر برائے نشہ آوری کی خدمات اور معاونتیں (Office of Addiction Services and Support, OASAS) طلباء کے لیے ہم عصر ساتھیوں کی قیادت میں ایک سمپوزیئم کی میزبانی کرے گا تاکہ ہم عصر ساتھیوں سے نشہ آور مواد کے استعمال کے خطرات اور ذہنی صحت کی دیکھ بھال کے بارے میں سیکھا جائے۔ اس کے ہمراہ ایک نوجوانوں پر مرکوز سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل میڈیا کی تعاملاتی مہم بھی شامل ہو گی۔
- **اطفال کی خدمت کرنے والے کلینیشئنز کے لیے شواہد پر مبنی تربیت میں توسیع:** گورنر Hochul (ہوکل) OMH کو ہدایت دیں گی کہ وہ ایک 10 سالہ تربیتی لائحہ عمل شائع کرے کہ جو یقینی بناتا ہو کہ ایجنسی کی ترتیب میں موجود اطفال کی خدمت کرنے والے کلینیشیئنز شواہد پر مبنی طریقۂ کاروں کے لیے مکمل طور پر تربیت یافتہ ہیں، جس سے نیو یارک نوجوانوں کی ذہنی صحت کی نگہداشت میں ایک قومی رہنما کی حیثیت اختیار کرتا ہے۔
- **بحالی کی معاونتوں کے لیے 15 نئے یوتھ کلبز ہاؤسز کھولنا:** کمیونٹی پر مبنی بحالی اور زندگی گزارنے کی مہارتوں کی تربیت کو فروغ دینے کے لیے، OASAS نئے 15 تک یوتھ کلب ہاؤسز کھولے گا، جو کہ پہلے سے موجود ریکوری کمیونٹی اینڈ آؤٹ ریچ سینٹرز کے ساتھ موجود ہوں گے، اور ان میں کم وسائل کی حامل کاؤنٹیز پر توجہ دی جائے گی۔
- **LGBTQ+ نوجوانوں کے لیے معاونتوں کو فروغ دینا:** مخصوص نوعیت کے بحران کی خدمات پر وفاقی حملوں کا مقابلہ کرنے کے لیے، OMH ایک قومی بحران کے مرکز کے ہمراہ شراکت داری قائم کرے گا تاکہ LGBTQ+ نوجوانوں کو خصوصی بحران کی کونسلنگ فراہم کی جائے اور مقامی سینکڑوں 988 کرائسز کونسلرز کو تربیت دے گا کہ وہ LGBTQ+ نوجوانوں کے مخصوص خدشات سے نمٹ سکیں۔
- **مقامی نوجوانوں کے لیے ذہنی صحت کی معاونتوں میں اضافہ:** ریاست پائلٹ پروگرام برائے مقامی افراد کی ذہنی تندرستی (Indigenous Mental Wellbeing Pilot Program) کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے ٹرائبل نیشنز کے ہمراہ شراکت داری قائم کرے گی تاکہ مقامی افراد کی خدمت کرنے والے اسکول ڈسٹرکٹس میں عبوری معاونتی کارکنان اور ہم عصر داعیوں میں توسیع لائی جائے۔ مزید برآں، ایک نیا انٹیجنس اسکول

مینٹل ہیلتھ ورک فورس سینٹر (Indigenous School Mental Health Workforce Center) بھی قائم کیا جائے تاکہ SUNY کے ان طلبہ کی معاونت کی جا سکے جو اسکول پر مبنی ذہنی صحت کے شعبے میں کریئر بنانا چاہتے ہیں۔

نوجوانوں کی ذہنی صحت میں گورنر Hochul (ہوکل) کی سرمایہ کاریاں

یہ سرمایہ کاریاں ریاست بھر میں نوجوانوں کے ذہنی صحت کے بحران سے نمٹنے اور بچوں کو آن لائن محفوظ رکھنے میں مدد کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی جاری کوششوں پر استوار ہیں۔ اس کام نے نیو یارک کو بچوں کے لیے ایک محفوظ آن لائن دنیا کو محفوظ بنانے میں عالمی رہنما کی حیثیت سے ثابت کیا ہے۔ پہل کاریوں میں شامل ہیں:

- SAFE فار کڈز ایکٹ (SAFE for Kids Act)، جو بچوں کے لیے سوشل میڈیا کے لیے لت بن جانے والے فیچرز کو محدود کرتا ہے۔
- چائلڈ ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ (Child Data Protection Act) جو آن لائن آپریٹرز کو باخبر رضامندی کے بغیر بچوں کا ڈیٹا اکٹھا کرنے اور مونیٹائز کرنے سے روکتا ہے۔
- AI کمپینئن (AI Companion) قانون سازی جو ملک میں سب سے پہلے حفاظتی اقدامات طے کرتی ہے، خود کو نقصان پہنچانے کے بارے میں صارف کی گفتگو کو دماغی صحت کے وسائل کی طرف موڑ دیتی ہے اور غیر صحت بخش لت والے رویوں میں خلل ڈالتی ہے۔ گورنر نے AI سے پیدا ہونے والے بچوں کے جنسی استحصال کے مواد کو بھی غیر قانونی قرار دیا۔
- ان پلگ اینڈ پلے ایجنڈا (Unplug and Play Agenda) جو سماجی بنیادی ڈھانچے، مادی سائٹس جیسے کھیل کے میدانوں، کمیونٹی سینٹرز، اور پولز، اور توسیع شدہ یوتھ پروگرامنگ کے ذریعے صحت مند سماج کاری اور بچوں کی نشوونما کی حوصلہ افزائی میں مدد کرتا ہے۔
- نیو یارک کی انتشار سے پاک تعلیمی پالیسی (New York's Distraction Free Learning Policy) جو ریاست گیر سطح پر K-12 اسکولز میں اسمارٹ فونز پر بیل ٹو بیل پابندی عائد کرتی ہے، جس کے نتیجے میں پہلے ہی بڑے پیمانے پر تعلیمی کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں، طلباء کی بہبود میں بہتری ہو رہی ہے اور طلباء کے لیے اسکول کا ماحول محفوظ تر ہو رہا ہے۔
- وارننگ لیبلز (Warning Labels) بل جسکے ذریعے سوشل میڈیا کمپنیوں کو اس بات کا پابند بنایا جائے گا کہ وہ اپنے پلیٹ فارم کے ذہنی صحت پر ممکنہ مضر اثرات کے بارے میں انتباہات لازماً پوسٹ کریں۔

گورنر Hochul (ہوکل) کی ملک میں ممتاز $1 بلین مالیت کی ذہنی صحت کی پہل کاری اور بعد کے بجٹوں میں سینکڑوں ملین ڈالرز کی فنڈنگ نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کے لیے نگہداشت تک رسائی میں نمایاں وسعت پیدا کر رہی ہے جس میں اندرونی مریضوں اور اقامتی علاج کی گنجائش میں اضافے سے لے کر کمیونٹی میں قائم شدہ خدمات کی تعمیر تک توسیع شامل ہے جو نوجوانوں کو گھر پر اور اپنی کمیونٹی میں موجود رہنے میں مدد دینے کے لیے تیار کی گئی ہیں۔

- گورنر Hochul (ہوکل) نے اسکولوں میں قائم ذہنی صحت کے کلینکس کو بھی توسیع دی ہے، جو طلباء کو ان کے اسکول کیمپس میں ایک مانوس اور بدنما داغ سے پاک ماحول میں لائسنس یافتہ ذہنی صحت فراہم کنندہ تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ اب ریاست 1,300 سے زائد کلینک سیٹلائٹس کی معاونت کرتی ہے، جن کی تعداد 2020 میں 872 تھی، اور اس طرح NYS کے پبلک اسکولوں کے تقریباً 25 فیصد کا احاطہ کرتی ہے۔
- نوجوانوں کی ذہنی صحت پر گورنر Hochul (ہوکل) کی توجہ نئی یوتھ اسرٹیو کمیونٹی ٹریٹمنٹ ٹیموں (Youth Assertive Community Treatment, ACT) کی تشکیل کا باعث بھی بنی ہے تاکہ جذباتی طور پر شدید پریشانی سے دوچار ایسے نوجوانوں کی مدد کی جا سکے جو یا تو زیادہ شدت والی خدمات کے شعبوں میں داخل ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں، یا پھر ان سے گھر واپس آ رہے ہیں، جیسے کہ مریضوں کو داخل کرنے والے ادارے یا رہائشی خدمات۔ نیو یارک 35 کاؤنٹیوں میں 43 نئی یوتھ ACT

ٹیموں کو فنڈز فراہم کرتا ہے جن میں سے 23 اب کام کر رہی ہیں، اور یوتھ اینڈ فیملی تھیراپی، ادویات کا انتظام، خاندان اور ساتھیوں کی مدد، اور مہارت کی تعمیر فراہم کر رہی ہیں۔

- اب 66 عدد ہوم بیسڈ کرائسز انٹروینشن ٹیمز بھی ریفرلز قبول کر رہی ہیں جو کہ 5 سال سے 20 سال کے درمیان کے نوجوانوں کی خدمت کرتی ہیں اور سنگین نوعیت کی انفرادی خدمات فراہم کرتی ہیں تاکہ خاندانوں کو مدد دی جائے کہ وہ نوجوانوں کو اپنے ہی گھروں میں ذہنی بیماری سے بحالی حاصل کرنے میں معاونت دے سکیں۔ اضافی آٹھ ٹیمیں تیاری کے مراحل میں ہیں، جن میں سے چھ ادراکی اور نشوونمائی معذوریوں کے شکار نوجوانوں کی خدمت کریں گی۔
- گورنر Hochul (ہوکل) نے نوجوانوں کی ذہنی صحت کا مشاورتی بورڈ بھی قائم کیا ہے (Youth Mental Health Advisory Board)، یہ ایک 30 رکنی مشاورتی بورڈ ہے جس میں 11 سے 17 سال کی عمر کے نوجوان شامل ہیں۔ یہ مشاورتی بورڈ سہ ماہی اجلاس کرتا ہے اور اس کی تشکیل اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کی گئی ہے کہ نوجوانوں کے مطابق آگاہی کے بہترین طریقوں کو طرز عمل سے متعلق صحت کے پروگرام اور پالیسیاں تیار کرنے میں شامل کیا جائے۔
- گورنر Hochul (ہوکل) نے یوتھ سیف اسپیسز پروگرام (Youth Safe Spaces programs) میں بھی توسیع کی ہے، یہ ایک ایسا اقدام ہے جو کہ گورنر کے نوجوانوں کی ذہنی صحت کے ایڈوائزری بورڈ کے مشورے پر تیار کیا گیا تھا۔ یہ پروگرام 12 سے 24 سال کی عمر کے نوجوانوں کو رویہ جاتی صحت اور بہبود کے وسائل تک رسائی، اپنے ہم عصر ساتھیوں کے ساتھ مثبت تعلقات کو فروغ دینے، اور آرام دہ ماحول میں تعاون حاصل کرنے کے لیے جگہ فراہم کرتے ہیں۔ اب ان میں سے سات پروگرامز کو فنڈنگ فراہم کی جا چکی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں